ماہنامہ افکارِ معلم | مدیر اعلیٰ: شبیر احمد منصوری۔ مقام اشاعت: ۴۷۔ ایک پارک ۳۔ میاں شیر روڈ، مزنگ، لاہور ۵۴۰۰۰

مشہور ماہرِ تعلیم پروفیسر سید محمد سلیم کی نگرانی میں شائع ہونے والا یہ تعلیمی رسالہ خاص مقصد کا حامل ہے جس کے پیشِ نظر پاکستان میں رائج مختلف نظامہائے تعلیم کو اسلامی تقاضوں کے مطابق ایک ہی نظامِ تعلیم میں ڈھالنا، نظریۂ پاکستان کا تحفظ، اساتذہ کی صحیح اسلامی تربیت اور اُن کی فلاح و بہبود کے علاوہ طلبہ کی تعلیمی و فکری رہنمائی کرتا ہے۔ اپنے اس مقصد کے حصول میں یہ ماہنامہ بہت سرگرم عمل ہے۔ اور دراصل یہ تنظیم اساتذہ پاکستان کا ترجمان و نمائندہ ہے۔

بدل اشتراک فی شمارہ: ۵/- روپے اور سالانہ ۶۰/- روپے ہے۔

میزانِ محبت | از ڈاکٹر ام کلثوم علوی۔ ایم۔ بی بی ایس۔ ڈی ایم سی، ایچ۔
ناشر: الجمعیۃ پبلیکیشنز۔ فیصل آباد (پتہ ناکافی)

ہے تو پمفلٹ جسے "اسلامی جمعیت طالبات پاکستان" نے شائع کیا ہے، مگر مصنفہ کی فضیلت کے علاوہ یہ اس کی چوتھی اشاعت ہے۔ پمفلٹ کا درس خدا پرستانہ فکر و کردار کا درس ہے اور اسلامی تحریک صلاح و فلاح کی تلقین ہے۔ مضمون کے چھوٹے چھوٹے حصے کر کے، ہر بات دل نشیں جملوں میں پیش کی گئی ہے۔ اقبال کے مصرعوں کو ذیلی عنوانات کے طور پر برتا گیا ہے۔ خاص زور "کی محمدؐ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں" پر ہے۔ اہل ذوق اسے حاصل کر کے ضرور پڑھیں۔